08-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	تاریخ الفقہ + ادب الاختلاف	کل وقت:	30 منٹ
کلاس:	الشهادة العالية (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________

نام طالبعلم: ____________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "تاریخ التشریع الاسلامی" اس فن کی کتاب ہے:

(الف) تاریخ تفسیر (ب) تاریخ حدیث (ج) تاریخ فقہ (د) تاریخ اسلام

2۔ "تاریخ التشریع الاسلامی" کے مصنف کا نام ہے:

(الف) محمد بن عفیفی (ب) احمد بن عفیفی (ج) محمود بن عفیفی (د) حامد بن عفیفی

3۔ "تاریخ التشریع الاسلامی" میں تشریع اسلامی کے کل ادوار بیان کئے گئے ہیں:

(الف) ۴ (ب) ۵ (ج) ۶ (د) ۷

4۔ ابن اسحاق کے مطابق آپ ﷺ ہر سال اتنے مہینے غار حرا میں قیام فرماتے تھے:

(الف) ۱ (ب) ۲ (ج) ۳ (د) ۶

5۔ یہ مدنی سورۃ ہے:

(الف) بقرۃ (ب) النساء (ج) الطلاق (د) تینوں

6۔ کاتبین وحی میں شمار ہوتا ہے:

(الف) زید بن ثابت کا (ب) معاویہ بن سفیان کا (ج) ثابت بن قیس کا (د) تینوں کا

7۔ "نسخ" کا اطلاق اتنے معانی پر ہوتا ہے:

(الف) ۱ (ب) ۲ (ج) ۳ (د) ۴

8۔ "صوم" کا لغوی معنی ہے:

(الف) روزہ (ب) عبادت (ج) رکنا (د) بھوک

9۔ غزوہ احد اس سن ہجری میں ہوا:

(الف) ۲ (ب) ۳ (ج) ۴ (د) ۶

10۔ حجاب کی اقسام ہیں:

(الف) ۱ (ب) ۲ (ج) ۳ (د) ۴

ورق الٹئے

11۔"الانصاف" کے مصنف کا نام ہے:

(الف) جلال الدین (ب) عماد الدین (ج) قطب الدین (د) بہاء الدین

12۔حضرت شاہ ولی اللہ کی سن وفات ہے:

(الف) ۱۱۷۱ھ (ب) ۱۱۷۲ھ (ج) ۱۱۷۴ھ (د) ۱۱۷۶ھ

13۔حضرت ابن عباس کے مطابق صحابہ نے اتنے مسائل کے بارے آپ ﷺ سے سوال کیا:

(الف) ۱۰ (ب) ۱۱ (ج) ۱۲ (د) ۱۳

14۔مجتہد مطلق کے لیے اتنے علوم پر مہارت ہونا ضروری ہے:

(الف) ۳ (ب) ۴ (ج) ۵ (د) ۶

15۔حضرت فاطمہ بنت قیس نے حضرت عمر کے ہاں گواہی دی کہ مطلقہ ثلاثہ کے لیے نہیں ہے:

(الف) نفقہ (ب) سکنی (ج) دونوں (د) متعہ

16۔فقہاء مدینہ سے تعلق ہے:

(الف) سعید بن مسیب کا (ب) سالم بن عبد اللہ کا (ج) دونوں کا (د) عطا بن ابی رباح کا

17۔امام اعظم ان کے مذہب کو لازم پکڑتے تھے:

(الف) حضرت ابراہیم (ب) حضرت علقمہ (ج) حضرت اسود (د) حضرت حسن بصری

18۔امام ابو یوسف اور امام محمد کا شمار اس میں ہوتا ہے:

(الف) مجتہد مطلق (ب) مقلد محض (ج) اصحاب ترجیح (د) اصحاب تخریج

19۔حضرت شاہ ولی اللہ کے مطابق آج کے دور میں لغت عربی میں معرفت ہے:

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مباح

20۔ائمہ صحاح ستہ میں سے حنبلی امام ہیں:

(الف) امام ابو داود (ب) امام ترمذی (ج) دونوں (د) امام نسائی

08-02-2025

نظام المدارس پاکستان

سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	تاریخ الفقہ + ادب الاختلاف	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشھادۃ العالیۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ "تاریخ التشریع الاسلامی" کے تعارف پر دو لائنیں لکھیں۔

2۔ کتاب اللہ کی تعریف تحریر کریں۔

3۔ سنت رسول سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔

4۔ قرآن مجید کے نزول پر دو لائنیں لکھیں۔

5۔ مکی اور مدنی صورتوں میں کیا فرق ہے؟ مختصر تحریر کریں۔

6۔ تشریع اسلامی کے اساس کے صرف نام لکھیں۔

7۔ نسخ کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں۔

8۔ قرآن مجید کے احکام میں سے پانچ کے صرف نام لکھیں۔

9۔ کبار صحابہ کرام کے دور میں تشریع اسلامی پر دو لائنیں لکھیں۔

10۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود کے تعارف پر دو لائنیں لکھیں۔

11۔ قیاس اور استحسان میں کیا فرق ہے؟ تحریر کریں۔

12۔ تقلید سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ "الانصاف" کا مکمل نام مع مصنف کا نام تحریر کریں۔

2۔ حضرت شاہ ولی اللہ کی کوئی سی پانچ کتب کے اسماء لکھیں۔

3۔ صحابہ کرام کی آپ ﷺ سے قلت سوال کی وجہ تحریر کریں۔

4۔ "فما رئیت قوما ایسر سیرۃ ولا اقل تشدیدا منھم" ترجمہ لکھیں۔

5۔ فروعی مسائل میں صحابہ کے اختلاف کے اسباب میں سے ایک تحریر کریں۔

6۔ مطلقہ ثلاثہ کے نفقہ اور سکنی کے بارے میں حضرت عائشہ کا کیا موقف تھا؟

7۔ "یحمل ھذا العلم من کل خلف عدولہ" ترجمہ لکھیں۔

8۔ فروعی مسائل میں تابعین کے اختلاف کے اسباب میں سے ایک تحریر کریں۔

9۔ مذاہب فقہاء کے اختلاف کے اسباب میں سے ایک تحریر کریں۔

10۔ مشور ائمہ احناف میں سے چار کے اسماء تحریر کریں۔

11۔ حضرات محدثین میں اختلاف کے اسباب میں سے ایک تحریر کریں۔

12۔ مجتہد مطلق سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. قرآن مجید میں تشریع اسلامی کی اساس کتنی اشیاء ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. سنت رسول کے ماخذ شریعت ہونے پر ایک مدلل اور مفصل مضمون تحریر کریں۔

iii. فقہاء اربعہ سے کیا مراد ہے؟ نیز درج ذیل فقہی اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔ (صرف 5)

فرض   واجب   سنت   مندوب   حرام   مکروہ تحریمی

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. الانصاف پر ایک تعارفی مضمون تحریر کریں جو دس لائنوں سے کم نہ ہو۔

ii. "اسباب اختلاف الصحابۃ و التابعین فی الفروع" پر ایک جامع اور مفصل مضمون تحریر کریں۔

iii. مذاہب الفقہاء کے اختلاف کے اسباب تفصیلاً "الانصاف" کی روشنی میں تحریر کریں۔